## انتہاء پسند دہشت گرد قومی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں، الطاف حسین
## ملک بھر کے عوام کو درندہ صفت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے
## پشاور پریس کلب کے صحافیوں اور تمام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں
## جو عناصر اسلام کے نام پر معصوم و بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں
## پشاور پریس کلب کے سامنے خودکش حملہ کے واقعہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔22، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور پریس کلب کے سامنے دہشت گردوں کے خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں بالخصوص پشاور میں دہشت گردوں کے خودکش حملے اور بم دھماکے روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں لیکن اب دہشت گردوں کے حوصلے اتنے بلند ہو چکے ہیں کہ وہ صحافیوں کو بھی اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں اور پشاور پریس کلب کے سامنے خودکش حملہ اسی سازش کا حصہ ہے تاہم پریس کلب پر تعینات پولیس کے بہادر اور جانباز اہلکار نے انتہائی دلیری کا مظاہرہ کرکے پشاور پریس کلب میں خودکش حملے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ انتہاء پسند دہشت گرد قومی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں اور دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو عناصر اسلام کے نام پر معصوم و بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں اور ملک بھر کے عوام کو درندہ صفت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ جناب الطاف حسین صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور پریس کلب کے سامنے خودکش حملے کو فوری نوٹس لیا جائے، پشاور پریس کلب کے صحافیوں اور تمام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکار سمیت دیگر افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## پاراچنار میں طالبان دہشت گردوں کی جانب سے معروف علامہ کمال حسین الحسینی
## کے جواں سال صاحبزادے سید علی مصطفیٰ کے اغواء اور قتل پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاراچنار طالبان دہشت گردوں کی جانب سے معروف علامہ کمال حسین الحسینی کے جواں سال صاحبزادے سید علی مصطفیٰ کے اغواء اور قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ طالبان دہشت گردوں کی جانب سے سید علی مصطفیٰ کے اغواء اور قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کو عبرتناک سزا دی جائے۔ جناب الطاف حسین نے علامہ کمال حسین الحسینی سمیت مقتول کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید علی مصطفیٰ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ماہ جنوری سے بجلی کے نرخوں میں 13.6 فیصد اضافے کا فیصلہ عوام دشمن ہے، فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جنوری سے بجلی کی نرخوں میں 13.6 فیصد اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے عوام دشمن فیصلہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ واپس لیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت غریب عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اپنی غلط پالیسیوں کے سبب مسلسل انہیں مہنگائی کے بھاری بوجھ تلے دبا رہی ہے جبکہ بجلی کے نرخوں میں یکمشت 13.6 فیصد اضافے کا فیصلہ ملک کے غریب عوام کیلئے ناقابل برداشت ثابت ہوگا جسے وہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب گھریلو صارفین کو مسلسل ایوریج بلنگ کی جا رہی ہے جبکہ ملک میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی ہنوز جاری ہے اور حکومت بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پانے کیلئے بجلی کی پیداوار میں اضافے کے بجائے الٹا نرخوں میں اضافہ کر رہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کے اعلان کے

مطابق بجلی کے نرخوں میں اضافے کا اطلاق 100 یونٹ سے کم استعمال کرنے والے صارفین پر براہ راست پڑھے گا۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے نرخوں میں 13.6 فیصد اضافے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اورعوام دشمن پالیسیوں سے اجتناب برتا جائے۔

## تمام مسالک اورفقہوں کے درمیان اتحاد،ہم آہنگی اور یگانگت کا سہرا الطاف حسین کے سر جاتا ہے،مولانا اسد دیو بندی،علامہ قنبر عباس نقوی
## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کو برقرار رکھنے کیلئے حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔22،دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے ممتاز عالم دین مولانا اسد دیو بندی اورمعروف عالم دین علامہ قنبر عباس نقوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اورعلمائے کرام سے محرم الحرام میں قیام امن اور مذہبی رواداری کو برقرار رکھنے پر گفتگو کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج وجمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اورعلماء کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں مولانا اسد دیو بندی اور علامہ قنبر عباس نقوی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تمام مسالک اورفقہوں کے درمیان اتحاد،ہم آہنگی اور یگانگت کا سہرا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سر جاتا ہے اوراتحاد بین المسلمین کیلئے ان کی کاوشیں عملی طور پر سب کے سامنے نمایاں ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کی فضا کو برقرار رکھیں اورمشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ملاقات میں علمائے کرام نے ملک سے دہشت گردی کے خاتمے،امن وامان کے قیام،ترقی وخوشحالی اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## کراچی پریس کلب کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے نومنتخب عہدیداران کو ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کی جانب سے مبارکباد

کراچی۔۔22/دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی پریس کلب کے سالانہ انتخابات میں واضح اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے پر کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران امتیاز خان فاران(صدر)سیکریٹری اے ایچ خانزادہ،نائب صدر عامر لطیف،خازن شیخ محمود،جوائنٹ سیکریٹری عابد حسین،ممبر گورننگ باڈی عاجز جمالی،آصف جئے جا،حنا ماہ گل،شمس کیریو،احمد خان ملک،کامران رضی اورزیب اذکار حسین کو کامیاب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نومنتخب عہدیداران صحافیوں،کراچی پریس کلب کے مسائل کے حل اوران کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

## سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی میں مسلسل تاخیر کا سختی سے نوٹس لیا جائے،لیبر ڈویژن
## ملازمین میں پھیلی مایوسی اور بے چینی دور کرنے کیلئے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے فنڈز فی الفور بحال کئے جائیں

کراچی۔۔۔22،دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں مسلسل تاخیر پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے فنڈز فی الفور بحال کئے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بالخصوص کراچی میں مہنگائی عروج پر ہے،روزمرہ استعمال کی اشیاء عوام کی پہنچ سے دور ہورہی ہیں اورایسے میں سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ملازمین کو تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کا نہ ہونا ملازمین میں بے چینی اور مایوسیوں کو جنم دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تنخواہوں میں تاخیر کے باعث ملازمین کے معمولات زندگی شدید متاثر ہورہے ہیں اوران کے اہل خانہ بھی سخت ذہنی کوفت اور اذیت میں مبتلا ہیں اورکسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ،وزیر بلدیات سندھ آغا سراج درانی سے مطالبہ کیا ہے کہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ملازمین میں جاری بے چینی اور مایوسی دور کرنے کیلئے فی الفور سٹی گورنمنٹ کراچی کے فنڈز بحال کئے جائیں۔

## کراچی سے کالعدم تحریک طالبان کے کمانڈر عبدالولی کے قریبی دہشت گرد محمد عمر صافی قندھاری سمیت 3 خودکش بمباروں کی گرفتاریوں نے طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والی نام نہاد مذہبی جماعتوں کے مئوقف کو جھوٹا ثابت کردیا ہے، رابطہ کمیٹی جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کو ماضی میں واویلا قرار دینے والوں کی آنکھیں اب کھل جانی چاہیئے

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی کے علاقے بن قاسم ٹاؤن سے کالعدم تحریک طالبان کے کمانڈر عبدالولی کے قریبی دہشت گرد محمد عمر صافی قندھاری سمیت شہر کے مختلف علاقوں سے مزید 3 خودکش بمباروں کی گرفتاریوں نے طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والی نام نہاد مذہبی جماعتوں کے مئوقف کو جھوٹا ثابت کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکار گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل شہر کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کو گرفتار کررہے ہیں اوران کے مذموم عزائم کو ناکام بناکر شہر کو بڑی تباہی سے بچانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں اوران کی پیشہ وارانہ کارکردگی ہر سطح پر سراہائے جانے کے قابل ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں طالبان دہشت گردوں کے درجنوں دہشت گرد اور کمانڈر گرفتار کئے جاچکے ہیں اور زمینی حقائق کو جھٹلانے والے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریوں پر خاموش تماشائی کیوں بنے بیٹھے ہیں؟ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کراچی، سندھ اور ملک بھر میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے انکشافات کو ماضی میں واویلا قرار دینے والوں کی آنکھیں اب کھل جانی چاہیئے اورانہیں اپنے کئے پر قوم سے معافی مانگنی چاہیئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی سمیت ملک بھر کے عوام دہشت گردوں کے اصل عزائم سے واقف ہوچکے ہیں اور دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والے اورانہیں مدد وتعاون فراہم کرنے والوں کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرکے ملک کو مضبوط کریں گے اور ملک وقوم کو طالبانائزیشن کی سازش سے پاک کرکے رہیں گے۔

☆☆☆☆☆